صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 19 ستمبر 2016ء بمطابق 16 ذی الحج 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر انیتس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

بَدِيعُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُۥ وَلَدٞ وَلَمۡ تَكُن لَّهُۥ صَٰحِبَةٞۖ وَخَلَقَ كُلَّ شَيۡءٖۖ وَهُوَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٞ o ذَٰلِكُمُ ٱللَّهُ رَبُّكُمۡۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَۖ خَٰلِقُ كُلِّ شَيۡءٖ فَٱعۡبُدُوهُۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ وَكِيلٞ o لَّا تُدۡرِكُهُ ٱلۡأَبۡصَٰرُ وَهُوَ يُدۡرِكُ ٱلۡأَبۡصَٰرَۖ وَهُوَ ٱللَّطِيفُ ٱلۡخَبِيرُ o قَدۡ جَآءَكُم بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمۡۖ فَمَنۡ أَبۡصَرَ فَلِنَفۡسِهِۦۖ وَمَنۡ عَمِيَ فَعَلَيۡهَاۚ وَمَآ أَنَا۠ عَلَيۡكُم بِحَفِيظٖ o وَكَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ ٱلۡأٓيَٰتِ وَلِيَقُولُواْ دَرَسۡتَ وَلِنُبَيِّنَهُۥ لِقَوۡمٖ يَعۡلَمُونَ o ٱتَّبِعۡ مَآ أُوحِيَ إِلَيۡكَ مِن رَّبِّكَۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَۖ وَأَعۡرِضۡ عَنِ ٱلۡمُشۡرِكِينَ۔

(ترجمہ): (وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا (ہے)۔ اس کے اولاد کہاں سے ہو جب کہ اس کی بیوی ہی نہیں۔ اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے۔ اور وہ ہر چیز سے باخبر ہے۔ یہی (اوصاف رکھنے والا) خدا تمہارا پروردگار ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ (وہی) ہر چیز کا پیدا کرنے والا (ہے) تو اسی کی عبادت کرو۔ اور وہ ہر چیز کا نگراں ہے۔ (وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے اور وہ بھید جاننے والا خبردار ہے۔ (اے محمد ﷺ! ان سے کہہ دو کہ) تمہارے (پاس) پروردگار کی طرف سے (روشن) دلیلیں پہنچ چکی ہیں تو جس نے (ان کو آنکھ کھول کر) دیکھا اس نے اپنا بھلا کیا اور جو اندھا بنا رہا اس نے اپنے حق میں برا کیا۔ اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں۔ اور ہم اسی طرح اپنی آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ کافر یہ نہ کہیں کہ تم (یہ باتیں اہل کتاب سے) سیکھے ہوئے ہو اور تاکہ سمجھنے والے لوگوں کے

لئے تشریح کردیں۔ اور جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس آتا ہے اسی کی پیروی کرو۔ اس (پروردگار) کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور مشرکوں سے کنارہ کرلو۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ کچھ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب منور خان ایڈووکیٹ 19 ستمبر: جناب وجیہہ الزمان 19 ستمبر، میڈم آمنہ سردار 19 ستمبر، میڈم نادیہ شیر 19 ستمبر، جناب شکیل احمد 19 ستمبر، جناب اکرام اللہ گنڈاپور 19 ستمبر، حاجی نور حیات 19 ستمبر، جناب محمد زاہد درانی 19 ستمبر، سردار محمد ادریس 19 ستمبر، جناب گوہر نواز 19 ستمبر، جناب افتخار علی مشوانی 19 ستمبر میاں ضیاء الرحمان 19 ستمبر، منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: ‘Panel of Chairmen’: In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a ‘Panel of Chairmen’ for the current session:

1. Mr. Sardar Muhammad Idrees;
2. Mr.Sultan Muhammad Khan;
3. Mr. Noor Saleem Khan; and
4. Mr.Wajeeh-uz-Zaman.

عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: ‘Committee on Petitions’: In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a ‘Committee on Petitions’ comprising the following Members under the Chairpersonship of Dr. Meher Taj Roghani, honourable Deputy Speaker:

1. Sardar Muhammad Idrees;
2. Mr. Ziaullah Bangash;
3. Raja Faisal Zaman;
4. Mr. Madam Meraj Humayun;
5. Mr. Fakhar-e-Azam Wazir; and
6. Mr.Ahmad Khan Bahadar.

ہنگامی مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا پولیس مجریہ 2016 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

جناب سپیکر: عارف یوسف، پلیز آپ اس کو Lay کر دیں۔

Mr. Arif Yousaf (Special Assistant for Law): Thank you, Sir. I beg to lay the Khyber Pakhtunkhwa, Police Ordinance, 2016, in the House.

Mr. Speaker: It stands laid. Minister for Law, Mr. Arif Yousaf, please, Mr. Arif Yousaf.

Special Assistant for Law: One minute, Sir.

Mr. Speaker: Leave for granting extension in period to present the Item No. 10, report، رپورٹ کو Present کرنا ہے، اس کے لئے ایک Leave، extension of time, please.

مجلس منتخبہ کی رپورٹ کی مدت میں توسیع

(خیبر پختونخوا وسلبلوورز پروٹیکشن و ویجلنس کمیشن مجریہ 2016)

Special Assistant for Law: Ji, thank you Sir. On behalf of Chief Minister, I beg to move under rule 94 (1) of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of the Business Rules 1988, that the time of the presentation of the report of the Select Committee on the Khyber Pakhtunkhwa Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2016, may be extended till date.

Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the present report of the Select Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

مجلس منتخبہ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

(خیبر پختونخوا وسلبلوورز پروٹیکشن و ویجلنس کمیشن مجریہ 2016)

Mr. Speaker Mr. Arif Yousaf, please.

Special Assistant for Law: Thank you, Sir. On behalf of the Chief Minister, I beg to present the Khyber Pakhtunkhwa, Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill 2016, as reported by the Select Committee.

Mr. Speaker: It stands presented. Please.

مجلس منتخبہ کی رپورٹ کی روشنی میں مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا

(خیبر پختونخوا وسلبلوور زپروٹیکشن وِیجلنس کمیشن مجریہ 2016)

Special Assistant for Law: On behalf of the Chief Minister, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill 2016, as amended by the Select Committee, may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2016, may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Consideration Stage, since no amendment has been proposed by any honourable Member in clauses 1 to 17 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 1 to 17 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 17 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill. Passage Stage: Arif Yousaf Sahib! Please.

Special Assistant for Law: Thank you Sir. I, beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2016 may be passed.

(Interruption)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب!

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ ما وئیل که منسټر صاحب مناسب گڼړی چې دا کوم بل اوس Passing Stage ته راغے ، په دې باندې هاؤس لږ بریف کړی نو ډیره زیاته مهربانی به وی۔ د هاؤس ټول ممبران په نوټس کښې به هم دا خبره راشی، په نظر کښی به هم دا خبره راشی نو بیا به Passing Stage ته لاړه شی۔

جناب سپیکر: دا ډیره ښه خبره ده او زما خیال دے چې دا پراسیس اوکړو نو لاء منسټر چې دے نو هغه ته مونږه دا ریکویسټ کوؤ چې بیا باقاعده هاؤس ته چې دے نو دوئ په دې باندې بریفنگ ورکړی۔

جناب سردار حسین: نه جی نه، چونکه دا خو اوس پاس کوؤ مونږه کنه جی، چې اوس مونږه پاس کوؤ۔۔۔

جناب سپیکر: د سلیکټ کمیټئ رپورټ دے کنه، د سلیکټ کمیټئ ټول ممبران په دې باندې دغه دی۔

جناب سردار حسین: نه جی نه، دا خو د هاؤس پبلک پراپرټی ده اوس کنه۔

Mr. Speaker: Mr. Mehmood Ahmad, can you please explain? You are the member of Select Committee; you are the member of Select Committee.

جناب محمود احمد خان: مونږ ته دا اووائې چې آیا دا Whistleblower څه شے دے؟ عارف یوسف خو دې هاؤس ته اووائی کنه چې دا Whistle blower څه شے دے او Whistleblower کښې څه Protection ملاؤ شوے دے؟

جناب سپیکر: مسټر عنایت، پلیز۔

جناب محمود احمد خان: پیش کوی ئے دوئ او بریف کوؤ مونږه، عنایت۔

جناب عنایت اللہ {سینئیر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ویسے میرے خیال میں جناب محمود بیٹنی صاحب اس کمیٹی کے ممبر تھے اور موور تھے لیکن By virtue of mover he was sitting in the proceeding of that committee اور مجھے یہ بھی یاد ہے کہ ان کے سامنے یہ سارا الاء Clause by clause پڑھا گیا تھا تو اس لئے کم از کم محمود بیٹنی صاحب کو تو یہ سوال نہیں کرنا چاہیئے تھا۔ میرا خیال ہے، اگر بابک صاحب کرتے ہیں تو بابک صاحب کا حق بنتا ہے کہ وہ بات کریں لیکن بیٹنی صاحب، وہ اس کمیٹی کے ممبر تھے اور یہ سارا الاء ان کے سامنے Clause by clause پڑھا گیا تھا بلکہ ان کی ایک امنڈمنٹ بھی Adopt ہوئی، دو امنڈمنٹس تھیں ان کی، وہ Adopt ہوئیں اور وہ وہاں Accept کی گئیں۔ Basically whistleblower law کا جو سکرپٹ ہے، وہ یہ ہے کہ جو سرکاری املاک، سرکار کے پیسے اگر کہیں ضائع ہو رہے ہوں اور پبلک انٹرسٹ کو نقصان پہنچ رہا ہو اور وہ کسی بندے کے علم میں آ جائے تو وہ متعلقہ حکام کو وہ رپورٹ کرے گا اور جب وہ رپورٹ کرے گا تو اس کا نام Secrecy میں رکھا جائے گا اور اس کے نتیجے میں سرکار کو جو فائدہ ہوگا، In terms of cash جو فائدہ

ہو گا،اس فائدے کے اندر وہ جس بندے نے انفارمیشن پہنچائی ہو،اس کو حصہ دیا جائے گا، So this is the crux of the law،اس لاء کے اندر پھر آگے دو تین کوئسچنز ممبران صاحبان کی طرف سے اٹھائے گئے جس میں نیٹی صاحب بھی تھے اور سارے لوگ موجود تھے۔

جناب سپیکر: اس میں سردار حسین بابک صاحب بھی تھے،اس کمیٹی کے ممبر۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اس میں یہ سوال اٹھایا گیا کہ اگر کوئی غلط Whistleblow کرتا ہے،اگر کوئی ایسا Whistleblow کرتا ہے کہ جس کے نتیجے میں کسی کی عزت چلی جاتی ہے تو اس کا پھر کیا ہو گا؟ تو اس کے بارے میں بھی ایک پروٹیکشن رکھی گئی ہے کہ اگر کوئی غلط Whistleblow کرے گا So he will have to pay for it.،اگر ثابت ہو جائے گا کہ انہوں نے غلط Whistleblow کی ہے اور اس نے کسی آفیسر کی، کسی Elected representative کی، کسی دوسرے بندے کی عزت کو Damage کرنے کی کوشش کی ہے تو He will have to pay for it،وہ اس کے لئے Pay کرے گا اور Whistleblow کو بھی بے جا تنگ نہیں کیا جائے گا اس کو بھی پروٹیکشن ہو گی، تو یہ دو ایسی چیزیں ہیں کہ جس کے نتیجے میں لوگوں کے اندر تشویش تھی، ممبران کے اندر تشویش تھی تو اس لئے اس کے اندر جو اپوزیشن کی امنڈ منٹس تھیں،ان کو Accept کیا گیا،ان کو Adopt کیا گیا اور اس وقت جو لاسٹ میٹنگ میں میں نے شرکت کی تھی، اس میں یہ جو رپورٹ سامنے آئی ہے، Unanimously جو ہے یہ Recommend ہوئی تھی اور یہ Adopt ہوئی تھی، .So this is the crux of the law اس لاء کے اندر آپ پڑھیں گے تو آپ اسی نتیجے کے اوپر پہنچیں گے کہ جو خدشات تھے،وہ بھی یہی تھے کہ اگر وہ غلط Whistleblow کرے گا تو کیا ہو گا اور اس کو پروٹیکشن کیسے دی جائی گی،اس کا نام Secrecy میں رکھا جائے گا،اس کا نام Disclosed نہیں ہو گا، کسی کو بتایا نہیں جائے گا لیکن سوال یہ اٹھا کہ اگر کسی کے خلاف انہوں نے کیا ہے اور وہ فیصلہ ہوا تو اس سٹیج پر جا کے،آگے کسی سٹیج پر اگر یہ ثابت ہوا کہ انہوں نے غلط Whistleblow کی ہے تو وہ Pay کرے گا اس کے لئے،اگر یہ ثابت ہو جائے گا کہ انہوں نے Malafide کی ہے تو وہ Pay کرے گا اور Crux of the law is کہ اگر کوئی پبلک انٹرسٹ کو نقصان پہنچ رہا ہے اور اس کو Disclose کرے گا تو اس Disclosure کے نتیجے میں اس کو فائدہ ملے گا۔

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Minister for law, Arif Yousaf Sahib-----

(Interruption)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! آپ تو ممبر تھے نا اس کمیٹی کے؟

جناب سردار حسین: اس کو زیر غور لانے کے لئے پیش کیا گیا ہے، مونږ خو او منله، هغه خو پیش شو، اوس په دې باندې خو مونږه ته د خبرو کولو بیا حق شته ځکه چې---

جناب سپیکر: ویلکم جی، ویلکم لیکن یہ ایک بات ہے کہ آپ ماشاءاللہ سلیکٹ کمیٹی کے ممبر بھی تھے---

جناب سردار حسین: زه د هغې هم وضاحت کوم، زه د هغې وضاحت کوم۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: ظاهره خبره ده چې یو، ایک سلیکٹ کمیٹی بنی---

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): Sir excuse me اس میں اگر انہوں نے کیا ہوتا، Passage Stage سے پہلے ان لوگوں کی امنڈمنٹ کی ہوتی تو پھر ان کا بنتا تھا، ان کو چاہیئے تھا، آپ رولز میں دیکھیں، رولز میں یہ ہے کہ اس سے پہلے وہ کریں گے---

جناب سردار حسین: میرے خیال میں اب یہ پبلک پراپرٹی ہے، آپ کسی ممبر کو روک نہیں سکتے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے سردار حسین، آپ مجھ سے بات کریں۔

معاون خصوصی برائے قانون: انہوں نے نہ امنڈمنٹ لائی ہے۔

جناب سپیکر: آپ مجھ سے بات کریں، آپ چلو آپ کو میں، جی جی سردار حسین صاحب۔

جناب سردار حسین: لاء منسٹر صاحب کو یہ سمجھنا چاہیئے یا ہمارے پارلیمانی سیکرٹری صاحب کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ ابھی پبلک پراپرٹی ہے، ممبران کا استحقاق ہے کہ وہ اس پر تجاویز بھی دے سکتے ہیں، اس کی مخالفت بھی کر سکتے ہیں، اب اس بات کی کوئی تک ہی نہیں بنتی کہ ادھر سے کوئی جواب آئے گا کہ فلاں ادھر موجود تھا، فلاں ادھر، ہاں اگر کوئی موجود تھا وہ اپنا جواب دے گا۔ سپیکر صاحب! ہم یہ سمجھتے ہیں، یہ جو Whistleblower کا قانون ہے اور میں تو عنایت اللہ خان سے یہی توقع کر رہا تھا کہ وہ اسلامی نقطہ نظر سے اس پہ اپنی روشنی ڈالیں کہ ہم تو جاسوس پیدا کر رہے ہیں، جاسوس کیا اس بل کو لانے سے اور اسی بل کو پاس کرنے سے ہم یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ یہاں پر اینٹی کرپشن موجود ہے، یہاں پر احتساب کمیشن موجود ہے، یہاں پر نیب موجود ہے اور جس معاشرے میں ہم رہ رہے ہیں، یہ تو اسی معاشرے کی بات ہو رہی

ہے، یہ تو اسی معاشرے کی نقل ہو رہی ہے جو ویلفئیر سٹیٹس ہوتے ہیں جہاں پر سوشل سیکیورٹی ہوتی ہے، جہاں پر لوگ مہذب اور باشعور ہوتے ہیں، اب یہ اس پہ سوچنا چاہیئے کہ ہم میں سے یہاں پر جتنے بھی لوگ بیٹھے ہیں، حکومتی بینچوں پر بیٹھے ہیں یا اپوزیشن بینچوں پر بیٹھے ہیں، سرکاری افسران یا پبلک فگر ہیں، ہمارا معاشرہ ایسا معاشرہ ہے، ہم سارے دیکھ رہے ہیں کہ جب ہم راستے میں جا رہے ہیں پانی کا مٹکا لگا ہوا ہوتا ہے اس کے ساتھ جو گلاس Attach ہوتا ہے، اس کے ساتھ زنجیر باندھا ہوا ہوتا ہے، جب ہم مسجد میں جاتے ہیں تو اپنے جوتے ساتھ لے کر مسجد میں چلے جاتے ہیں، اب یہ موقع فراہم کرنا کسی Layman کو کہ وہ Identify کرے، اسی اماؤنٹ کا 30% اس کو ملے گا یہاں کے لوگ گملے نہیں چھوڑ رہے ہیں فٹ پاتھوں پر، جنگلے نہیں چھوڑ رہے فٹ پاتھوں پر تو یہ کون سے معاشرے کے لئے اور کونسی قوم کے لئے یہ قانون بنتا جا رہا ہے، یہ اس سے ایک بہت بڑا سوشل ایشو بن جائے گا، لوگوں کی دشمنیاں بن جائیں گی، اب ایک بندے پہ اعتماد کرنا یا ایک ایسا Source پیدا کرنا کہ وہ Identify کرے کہ فلاں پبلک فگر نے کرپشن کی ہے اتنی اماؤنٹ کی، لہذا۔۔۔۔

جناب محمد شیراز: کورم پورہ نہ دے، کورم پورہ نہ دے

جناب سردار حسین: جی۔

جناب محمد شیراز: کورم پورہ نہ دے۔

جناب سپیکر: کاؤنٹ کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: کورم پورا ہے جی۔

جناب سردار حسین: کورم پورہ دے۔

جناب سپیکر: اچھا جی، میرے خیال میں سردار حسین صاحب! اس کو پاس کرلیں تاکہ آگے۔

جناب سردار حسین: نہیں، سپیکر صاحب یہ میرے خیال میں ہم صوبے کے لئے قانون بنا رہے ہیں، میں ریکویسٹ کرتا ہوں، میں ریکویسٹ کرتا ہوں، میں یہ نہیں کہتا ہوں، مجھے نہیں پتہ کہ حکومت کس نیت اور ہم نیت پر شک نہیں کرتے ہیں لیکن یہ جو طریقہ ہے اور میں عنایت اللہ خان سے Specially ان کا

موقف سنوں گا کہ اسلامی نقطہ نظر سے جاسوسی کرنا، ہم یہاں پہ جاسوسی کے لئے سر ٹیفکیٹ دے رہے ہیں، ان کے لئے ایک شیئر مقرر کر رہے ہیں، آیا معاشرے پہ اس کے کیا اثرات ہونگے، آیا جو ہمارے اہداف ہیں، وہ ہم حاصل کریں گے؟ یہ معاشرے میں دشمنیاں بڑھیں گی، لہذا میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت کو سوچنا چاہیئے، اس طرح کے بل لانا یہ اصلاح کی بجائے معاشرے میں بگاڑ پیدا کریگی، لہذا ہم تو ریکویسٹ ہی کر سکتے ہیں اور اپنی آراء سے حکومت کو اور سپیکر صاحب! آپ کو آگاہ کر سکتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میں بھی اس پہ۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان Respond کرے گا، شاہ فرمان صاحب پلیز، دیکھیں یہ تو سلیکٹ کمیٹی میں جا چکا ہے، اس پہ تو Consideration سب کچھ میڈم اس کے بعد آپ کو میں، چلو شاہ فرمان صاحب پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): جناب سپیکر، یہ پاکستان تحریک انصاف اور Allies کی حکومت کے Vision اور Manifesto کے مطابق Anti Corruption drives کی جو لیجسلیشن ہے جس کے اندر احتساب کمیشن ہے، جس کے اندر Conflict of Interest ہے، جس کے اندر The Right to Information ہے، یہ اس سلسلے کی Fourth Legislation ہے اور اس کا مقصد یہ ہے کہ ٹرانسپرنسی اس حد تک Ensure کی جائے کہ جو پوری قوم، پوری قوم ایک ہی واویلا رو رہی ہے کہ کرپشن ہے، ملک کے اندر منی لانڈرنگ ہے، جس ملک کے اندر 40% بچے آدھے پیٹ سے سو رہے ہیں، اس ملک کے سیٹیز نز دبئی کے اندر اربوں کی Investment کر رہے ہیں، تو اس کرپشن کو روکنے کے لئے آپ جدھر سے بھی، اس آگ کے اوپر آپ پانی پھینکیں، اس آگ کے اوپر آپ کاربن ڈائی آکسائیڈ پھینکیں، اس آگ کے اوپر آپ ریت پھینکیں، جدھر سے بھی لیجسلیشن ہو لیکن مقصد ہے اس ملک کے اندر کرپشن کا روکنا، اب میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی لیجسلیشن بیٹنی صاحب نے بات کی کہ بریف کریں، وہ ممبر جو نہ صرف سلیکٹ کمیٹی کا ممبر ہے جبکہ وہ امنڈ منٹس بھی لا چکا ہے اور اس کو Word by word پورا ایکٹ یاد ہے، وہ یہ سوال کرتا ہے کہ ہمیں بریف کریں، بریفنگ ایک لفظ ہے اینٹی کرپشن اور Anti Corruption through the people of Pakistan، اب بابک صاحب نے بات کی، اب میں کیا سمجھوں کہ Anti Corruption drive ہم تب شروع کریں کہ جب یہ معاشرہ سویزرلینڈ بن

جائے ،جن لوگوں نے ہمیں ووٹ دیا ،جن لوگوں کے ووٹ کے اوپر ہم Rely کرتے ہیں، Collective wisdom کو مانتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ عوام باشعور ہیں، ان ووٹروں کو اگر ہم یہ ڈکلیئر کر دیں کہ وہ اتنے مہذب نہیں ہیں کہ ان کے لئے اس قسم کی لیجسلیشن کی جائے جناب سپیکر!، ہم یہ ماننے کو تیار نہیں ہیں، میں سمجھتا ہوں (تالیاں) میں سمجھتا ہوں کہ عوام بہت ہوشیار ہیں، یہ اور بات ہے کہ بے بس ہیں، یہ اور بات ہے کہ وہ بے بس ہیں اس ملک کے اندر اگر ادارے کام کرنا شروع کر دیں عوام اور کیا کریں ایک پارٹی کو ووٹ دیتے ہیں، پھر دوسری کو دیتے ہیں، پھر تیسری کو دیتے ہیں، پھر چوتھی کو دیتے ہیں، ان بیچاروں کے پاس آپشن کیا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ جناب سپیکر! ہمیں Trust ہے Collective wisdom کے اوپر، ہمیں Trust ہے عوام کے شعور کے اوپر، اور ہم نے اپنے Manifesto کے مطابق جانا ہے، اب جو بھی الزام لگائے گا Whistleblow کرے گا جو بھی بات کرے گا، چاہے آر ٹی آئی کے اندر ہے، چاہے وہ Whistleblower کے اندر ہے، چاہے احتساب کمیشن میں کوئی جاتا ہے شکایت لگانے، طریقہ کار ایک ہی ہے، وہ جرم ثابت کرے گا، صرف کہنے پر نہیں ہوگا، جرم ثابت کرے گا، یہ نہیں کہ کسی نے شکایت لگائی ہے کہ اس نے اتنی چوری کی ہے اور جا کے کوئی اس کو پکڑے گا اور بیٹنی صاحب جو امنڈمنٹ وہ لائے ہیں کہ اگر شکایت کوئی لگائے اور وہ Money recover ہو اور اس کے اندر 30% شکایت کنندہ کو ملے گا تو اگر، Malafide کے اوپر ہے، کوئی کسی کے اوپر الزام لگائے اور وہ بدنیتی کے اوپر ہو اور وہ ثابت نہ ہو اور پتہ چل جائے کہ یہ بدنیتی کے اوپر ہے تو شکایت کنندہ کو 30% pay کرنا پڑیں گے As a damage جس نے جس کی بے عزتی کی ہو، مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے جناب سپیکر! کاش ہم اتنے کرپٹ نہ ہوتے، کاش ہم اس ملک کا اتنا پیسہ باہر نہ لیجاتے، کاش عام آدمی آدھے پیٹ سے نہ سوتے تو اس قسم کی شاید ہمیں لیجسلیشن کی ضرورت نہ پڑتی، میں سمجھتا ہوں (تالیاں) میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت کی ضرورت ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت کی ضرورت ہے اور نہ صرف وقت کی ضرورت ہے، میں آج آپ کے سامنے ایک بات کرنا چاہتا ہوں، میڈیا کے دوست بھی موجود ہیں، چلو گیلپ سروے کرتے ہیں، اس قانون کے متعلق اس پشاور کے تین ہزار لوگوں سے پوچھتے

ہیں، بونیر کے تین ہزار لوگوں سے پوچھتے ہیں، اگر وہ کہتے ہیں کہ یہ قانون نہ بنے تو بے شک نہ بنے اور اگر وہ کہتے ہیں کہ بنے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے سخت قانون بننا چاہیئے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ۔ عارف یوسف پلیز، عارف یوسف پلیز، میں تھوڑا یہ کروں، عارف یوسف پلیز

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: پلیز آپ، یہ کل فائنل کریں تاکہ اس کے بعد۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! میری بات سنیں۔

Mr. Speaker: Two minutes, please. Within two minute please

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! یوخو په لیجیسلیشن باندې به اپوزیشن او حکومت دلائل خپل ورکوی ،دا مونږ لیجسلیشن کوؤ او تاسو مونږ دا سې۔۔

جناب سپیکر: سردار صاحب، سردار حسین صاحب! یو منټ Let me say some thing، میں نے یہ بل سلیکٹ کمیٹی کو، ہاؤس نے پوری اس پر ڈسکشن کی، ایک سلیکٹ کمیٹی میں ڈسکشن ہوئی ہے پوراMatured ہوا ہے اور سلیکٹ کمیٹی کے بعد یہ آیا ہے ایک پروسیجر ہوتا ہے، اس پروسیجر کے مطابق ہوا ہے، آپ جو کچھ کہنا چاہتے ہیںPlease with two three minute۔

جناب سردار حسین: پروسیجرخو سپیکرصاحب بخښنه غواړم دا دے ، دلته هر ممبر له تاسو موقع ورکړئ چې هغه خپل دلائل ورکړی، چې هغه خپل دلائل ورکړی۔اوس تاسو ته ددې قانون د پاس کیدو ډیر زیات ضرورت دے ، ډیره زیاته تلوار ده نو دا زمونږ مسئله نه ده ، دا د حکومت مسئله ده ، دا د دې هاؤس مسئله نه ده ، مسئله خو د حکومت ده چې هغه پهFingertip کښې هغه قانون پاس کوی، نو دا خو د اسمبلئ د رولز هم سپیکر صاحب! بخښنه غواړمه، منسټر صاحب دا خبره اوکړه، دا خبره کول چې ما ، مونږ دا وایو چې معاشرتی اقدار چې څه دی، زه په هغه معاشره کښې ژوند کومه چې په هغې کښې Already تاسو اوګورئ چې څومره تربګنئ او څومره دشمنئ پرتې دی،زه په هغه معاشره کښې ژوند کومه چې دلته سپیکرصاحب ستاسو هم که دوستان شته دے نو ستاسو دشمنان هم شته دے ، هغوی په هغه میرټ باندې او په هغه پیمانه باندې

دې څيزونو ته په داسې شکل نه ګورى چې په کوم شکل باندې کتل پکار دى چې ما مثال ورکړو د هغه ويلفيئر سټيټ، لهذا دا خو کهلاؤ بيا ميسج دے چې دا خبره کوئ چې دا Anti corruption drive دے ،بيا احتساب کميشن دڅه دپاره دے ،بيا انټى کرپشن دڅه دپاره دے ،بيا نيب دڅه دپاره دے ؟دا زمونږ په دې اسمبلئ کښې دا پبلک اکاؤنټس کميټى چې ده دا دڅه دپاره ده، ددې وطن دا ټولې ادارې بيا دا دڅه دپاره دى؟مونږ دا خبره کوؤ چې دا يو Ideal دا يو تصوراتى وژن دے ، دا خو به دوئ ته زمينى وژن ښکارى خو دا د تصور نه ډ ک يو وژن دے ، لهذا د دې بل پاس کيدو او د دې د لاګو کيدو سره په دې معاشره کښې به د شمنئ سيوا کيږى، په ديکښې به تربګنئ سيوا کيږى، په ديکښې به نفرت سيوا کيږى سپيکر صاحب! تاسو پخپله ګورئ چې دلته په پيښور کښې او په دې ځايونو کښې په روډونو باندې جنګلې اولګوى، ما ذکر هم د هغې اوکړو، هفته پس هغه جنګلې نه وى، هغه ګملې نه وى، دا څه شوې؟ او آيا چې نن تاسو د دې صوبې يو سړى يا يو بشر يا يو فرد له دومره لاقه ورکړئ، دومره طمع ورله تاسو ورکړئ چې په يو کروړ روپو کښې به هغه ته د ريش لکهه روپئ ملاويږى، دا خو داسې معاشره ده ددې نه انکار نشو کولے ، دلته خو په يو لاکه روپئ باندې اجرتى قتل کيږى نو چې د د ريش لاکهو روپو آسرا او طمع تاسو يو سړى له ورکړئ، د چا عزت به محفوظه پاتې شى؟ او تاسو دا خبره کوئ چې مونږ به Compensation ورکوؤ چې د يو سړى Character assassination اوشى، آيا چې د يو انسان کردار، زه دا وايم چې د هغه کردار سوزى اوشى، چې د هغه جامو ته اوشى، آيا کوم قانون به د هغې د پاره راپيدا کوى او کوم Compensation به د هغې د پاره ته راپيدا کوې چې د هغى انسان Character assassination اوشى، تاسو به د هغې ازاله اوکړئ، لهذا سپيکر صاحب! مونږ خو د غه ريکويسټ دے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، نگہت میڈم پلیز، نگہت، نگہت۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، شکریہ۔ جو باتیں بابک صاحب نے کہیں، اس پر Fully طور پر متفق ہوں۔ یہ بل جو ہے جناب سپیکر صاحب! آپ نے دیکھا ہو گا کہ جیسے انہوں نے کہا نیب ہے، احتساب بیورو

ہے،اس کے علاوہ آپ کی پبلک اکاؤنٹ کمیٹی ہے سر، مجھے نہیں سمجھ آتی ہے کہ یہ بل اس اسمبلی میں لایا کس لئے گیا؟ہاں یہ مجھے ضرور لگتا ہے کہ اگلے 2018 کے الیکشن کے لئے یہ پی ٹی آئی نے ایک ایسا بل بنایا ہے تاکہ لوگوں کے کریکٹر پہ اور مجھے بتائیں سپیکر صاحب! میں باقی باتوں میں نہیں جاتی ہوں، مجھے یہ بتایا جائے کہ آپ نے جو اس بل میں لکھا ہے کہ جی اگر وہ بندہ جھوٹا ثابت ہو جاتا ہے جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ تو ایسی مسجدوں میں لوگ پانچ پانچ سو روپے کے لئے عید کی چاند کی پیشن گوئی کر دیتے ہیں جس سے کہ پورا معاشرہ جو ہے اور پورا ہمارا پاکستان جو ہے وہ Divide ہو جاتا ہے اور جناب سپیکر صاحب! میں اپنی بات کرتی ہوں، فرض کریں اگر میرے پاس کوئی ایک کروڑ روپیہ، میرا کوئی دشمن چلا جاتا ہے کہ جی اس کے پاس ہے مجھے تو عدالتوں میں، مجھے تو لوگوں کے سامنے، میرا تو کریکٹر جو ہے وہ نیگٹو آجائے گا۔ تو جب سچائی سامنے آئے گی جناب سپیکر صاحب، مجھے صرف اس بات پہ ہے، باقی کسی چیز سے نہیں ڈرتے ہیں۔ احتساب ہو جو بھی ہو لیکن جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ جیسے انہوں نے بات کی، یہاں پہ گملے چرائے جاتے ہیں ، تھوڑے پیسوں کے لئے، یہاں پہ جو ہے تو وہ زنجیر لگی ہوتی ہے گلاس کے ساتھ اور ایک بندے کو آپ Straightaway تیس لاکھ روپے دیکر وہ یہ کہتے ہیں کہ جی آپ اس میں حصہ دار بن جائیں اور کل کو اگر وہ ثابت نہیں کر پاتا ہے، جناب سپیکر صاحب! میں اپنی عزت کہاں پہ لیکر جاؤ نگی، میں اپنی بات کرتی ہوں، میں کسی اور کی بات نہیں کرتی ہوں اور یہ بات سب پہ لاگو ہو گا آج تو بڑی خوشی سے ہم یہ بل بھی پیش کر رہے ہیں، پاس بھی ہو جائے گا لیکن مجھے بتائیں کہ میرے کردار کے ساتھ کیا ہو گا، میں اپنے لوگوں کو کیا منہ جا کے دکھاؤ نگی؟ جب صاف ہوتی چلی جاؤ نگی کہ ہاں جی اس نے کچھ نہیں کیا، تو سر! اس میں یہ ہے کہ جناب سپیکر! ہماری عزت کا سوال ہے۔

جناب سپیکر: عاطف خان، اوکے یہ سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ آئی ہے، تمام پارلیمانی پارٹی کے لیڈرز اس کمیٹی کے ممبرز تھے اور اپنے لوگوں کے بارے میں اچھا تاثر رکھنا چاہیئے، جی عاطف خان پلیز۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ سپیکر صاحب! ایک تو جس طرح آپ نے بتایا کہ Already یہ اس کا پراسیس ہو چکا ہے سارا لیکن جو ممبران صاحبان نے بات کی، میں صرف اپنی رائے دینا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ دونوں ممبران صاحبان نے کہا کہ

جی یہاں پہ گلاس چوری کر لیتے ہیں لوگ اس کے ساتھ زنجیر باندھنا پڑتی ہے یا اگر مسجد سے لوگ چپل بھی چوری کر لیتے ہیں، یہ حقیقت ہے لیکن اس کی وجہ دیکھیں کہ یہ کیوں ہے؟ صرف یہ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کی وجہ دیکھیں کہ یہ کیوں ہے؟ یہ غربت ہے اس وجہ سے اور غربت کیوں ہے؟ غربت اس وجہ سے ہے کہ اس ملک میں انتہائی درجے کی کرپشن ہے، آج آپ کرپشن ختم کر دیں کوئی مسجد سے چوری نہیں کرے گا، کوئی کچھ نہیں کرے گا، (تالیاں) یہ ساری چیزیں، یہ ساری چیزیں کرپشن کی وجہ سے ہیں، پاکستان میں کس چیز کی کمی ہے، صرف کرپشن آپ ختم کر دیں اور یہ صرف ہماری کوشش ہے جو ہم چاہتے ہیں کہ کرپشن ختم ہو اور یہ اسی وجہ ہے، میرے خیال میں تو اپوزیشن کو یہ چیزیں لانی چاہئیں کیونکہ یہ تو ہمارے اوپر لگے گا، یہ تو ہمارے اوپر لگے گا کہ جی اس وقت تو میڈم بات کر رہی ہے 2018 کی، 2018 تو بہت دور ہے، یہ تو ہمارے اوپر الزام لگے گا کہ جی اس نے اس ٹھیکے میں پیسے مارے ہیں، اس کام میں فلاں نے ایسا کیا ہے، تو یہ تو ہمارے اوپر لگے گا، ہم اس کے لئے تیار ہیں ہم تیار ہیں، اگر ہم میں سے کوئی چوری کرتا ہے تو میرے خیال میں میں کہتا ہوں کہ یہ تو بہت معمولی سی چیز ہے، میں کہتا ہوں کہ اگر پھانسی کی سزا ہو تو پھانسی کی سزا دینی چاہئے، جو اس ملک کے غریب لوگوں کا پیسہ چوری کرتا ہے، (تالیاں) یہ تو بہت معمولی سا قانون ہے اور جہاں پہ یہ ہے کہ جی اختلافات بڑھ جائینگے تو اختلافات تو پھر اس طرح آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ جی الیکشن نہ کروائیں الیکشن میں اختلافات بڑھ جاتے ہیں، سب سے زیادہ تو الیکشن میں اختلافات بڑھتے ہیں اور وہ کبھی زندگی میں ختم نہیں ہوتے، آپ یہ کہیں کہ جی بدنامی ہو جاتی ہے تو بدنامی تو آپ ایف آئی آر کا آپ لوگوں سے اختیار لے لیں کہ جی ایف آئی آر نہ کی جائے کیونکہ یہ لوگوں کی بے عزتی ہو جاتی ہے، اس میں صرف یہ چیز ہے کہ کوئی کسی کو سزا نہیں ملے گی جب تک وہ ثابت نہیں ہو گا تو میرے خیال میں بہت زبردست قانون ہے اور اس سے مزید اگر سخت کیا جا سکتا ہے تو اس کو مزید سخت کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> عارف یوسف، پلیز، عارف یوسف! میرا خیال ہے فائنل پاس کرتے ہیں، جی عارف یوسف۔

<u>جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ):</u> جناب سپیکر صاحب! مجھے ایک منٹ دے دیں۔

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب، یہ پاس کرکے اس کے بعد چیف منسٹر صاحب کو موقع دیتے ہیں۔ نہیں، عارف یوسف پاس کر کے میں چیف منسٹر صاحب کو پھر موقع دیتاہوں جی، دی نہ پس،اس کے بعد چیف منسٹر صاحب،دومنٹ جی میں تھوڑا پاس کرلوں تو یہ Whistleblower بس یہ فائنل ہے۔

جناب وزیر اعلیٰ: بس میں دومنٹ بات کرتاہوں۔

جناب سپیکر: اچھاجی،جی بسم اللہ چیف منسٹر۔

جناب وزیر اعلیٰ: جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو میں،اس میں ایک کمیٹی بنی تھی جس میں سارے پارٹیز کے جو لیڈر ز ہیں،ان کو ہم نے Invite کیا،ان کے نمائندے آئے سب نے ملکر یہ جو بل ہے اس کو کمیٹی سے پاس کر لیاہے اور میں ان کا شکریہ بھی ادا کرتاہوں اور اپنے دوستوں کو بھی بتاناچاہتاہوں کہ یہ کوئی ہم نے اس سوچ سے نہیں لایا کہ اکیلے بیٹھ کر اور ہم نے رات کے اندھیرے میں اس کو تیار کیا،اس پر بہت ساری میٹنگز ہوئیں Deliberations ہوئیں،اس سے پہلے کمیٹی نے اس کو پاس کر دیا۔جب مجھے پتہ چلااس میں کافی مشکلات تھیں،میں پھر میں نے خود ہیڈ کیااس کو،تاکہ مشکلات کم ہوں،ہم نے پوری کوشش کی کہ کسی کی بے عزتی نہ ہو،کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہواور اگر کوئی چوری کرتاہے وہ پکڑاجائے اور یہ میں تواپنی تقریر میں کہتاہوں،یہ ایک Full stop ہے یاایک مکمل تالا ہے جو ہم نے ڈال دیاہے تاکہ ایک صاف ستھرانظام آپ کو نظر آئے۔پھر دوسری بات ہے،آپ اپوزیشن کے لئے ہم نے راستہ کھول دیاہے، ہمیشہ اپوزیشن الزام لگاتی ہے کہ کرپشن ہے اور یہاں پر یہ گڑ بڑ ہورہی ہے تو آپ کے لئے ہم نے ابھی جو نیا قانون Whistleblower اور بہت سارے راستے کھول دیئے، اگر ہم غلط کام کرتے ہیں تو آپ Easily جاسکتے ہیں بغیر گورنمنٹ کی مدد سے آپ Apply کر سکتے ہیں،آپ پوچھ سکتے ہیں رائٹ ٹو انفارمیشن ہم لائے ہیں کہ ہماری کوئی چیز چھپی نہ ہو،تو ہم نے تو آپ کے لئے بڑی آسانیاں کر دی ہیں کہ آپ ہمارااحتساب جب مرضی ہے کریں اور ہم نے اپنے لئے آسان کر دیا۔اگر یہاں پر سرکار میں کوئی چوری ہوتی ہے،ہمارے اپنوں میں غلط کام ہوتاہے،ہم ان کا پوچھ سکیں،تو میرے خیال میں اس میں مجھے کوئی Suggestion دیں کہ ایسی کوئی Suggestion ہے جس سے مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں، وہ ہم Amend کر دیں گے ابھی بیٹھ کر ہم کوئی فیصلہ کر دیتے ہیں،کوئی ایسی چیز بتائیں جس سے کوئی ایسانقصان

ہو سکتا ہے اور اس کا فائدہ کوئی نہیں تو ابھی بیٹھ کر آپ لوگ بتادیں Suggestion دے دیں، اس میں کوئی، ایسا نہیں ہے کہ ہم کسی کی بے عزتی کریں، ہم چاہتے ہیں کہ صاف ستھرا نظام ہو اور ہمارا ملک کرپشن سے پاک ہو، یہ صرف ہماری سوچ ہے، اس کے علاوہ کوئی اور سوچ نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> عارف یوسف، پلیز، عارف یوسف۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین:</u> سپیکر صاحب! زه یو خبره کوم۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> پلیز آپ دیکھو۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین</u> زما یو Suggestion دے سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، وہ تو آپ بعد میں بھی دے سکتے ہیں۔

<u>جناب سردار حسین:</u> چیف منسټر صاحب اووئیل چې که تاسو څه Suggestion را کوئ نو۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر! ایک بات کرنے کی اجازت دیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، جو بھی ہے آپ Suggestion دے دیں، آپ باقاعدہ اس کے بارے میں جو امنڈمنٹ پھر لا سکتے ہیں آپ لیکر آئیں، تو میں، عارف یوسف صاحب! آپ پلیز آپ Continue کریں۔

مسودہ قانون کا پاس کیا جانا

(خیبر پختونخوا وسلبلوور زپروٹیکشن وویجلنس کمیشن مجریہ 2016)

<u>Mr. Arif Yousaf (Special Assistant for Law):</u> Sir thank you, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2016 may be passed.

<u>جناب سردار حسین:</u> سر، ایک منٹ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں ایک منٹ، اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں پلیز۔ The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2016 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب ابھی آپ بات کرلیں جی آپ بات کرلیں سردار حسین صاحب، پلیز سردار حسین صاحب۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! داسې ده چې ډیر په معذرت سره ډیر په معذرت سره زما دا خیال دے چې وزیر اعلیٰ صاحب ډیر زیاته دفراخدلئ مظاهره اوکړه، ما مخښکې هم په دې فورم باندې خبره کړې وه چې دا لیجسلیشن دا طریقه وی، دهغې نتائج بیا څه وی؟،وزیر اعلیٰ صاحب زما نه تجویز غوښتو مابه دا تجویز ورکوؤ چې دا په نیب باندې دصوبائی حکومت عدم اعتماد وو په نیب باندې دصوبائی حکومت اعتماد نه وو نو احتساب کمیشن ئے جوړ کړو، تجویز بیا زما دادے چې انټی کرپشن اداره Alreadyموجوده، دا نیب به پریږدو دا قامی اداره ده خو دا اینټی کرپشن او دا احتساب کمیشن خو صوبائی ادارې دی پکار داده چې دا صوبائی ادارې بااختیاره شی، چې دې صوبائی ادارو ته اختیار ملاؤ شی، زما دا خیال دے چې کرپشن داسې شے نه دے چې دلته خلق غلا اوکړی، دے به ئے څومره پټوی وی ،دے به ئے څومره وخته پورې پټوی که دا دالیکشن دپاره ځانله خلقو یوه داسې نعره کتلې وی چې ګنی خدائے مه کړه بس داخلق دکرپشن خلاف دے او داباقی خلق کرپټ دے نو زما دا خیال چې خلق په دې خبره پوهیږی، دا میسج ورکول اوزه خو دوزیرانو صاحبانو په دې رویو باندې او په دې Statementباندې حیرانه شومه، داسې، خو نه ده پکار، یو ممبر به پاڅسئی یو وزیر به پاڅسئی چې په پلاننګئی کمیټئی کښی خبره شوې وه دې وزیرانو صاحبانو له او دې حکومت، خو تربیت پکار دے چې دا خو اسمبلی ده، دکمیټئی به پینځه سوه میټنګونه کیږی خو چې کله دې اسمبلئ ته ډرافټ راځی، دلته ایکټ راځی دلته لیجسلیشن راځی، بیا دا دهر ممبر استحقاق دے چې هغه پرې خپله خبره کوی، ددې خبرې څه جواز جوړیږی چې دلته نه یو ممبر پاڅسئی دهغه ځائے نه ورته جواب ملاویږی چې دے خو په دغه کمیټې کښې ناست وو، په هغه کمیټې کښې په یو میټنګ کښې زه هم ناست ووم نو دهغې دا مطلب شو چې دې بل سره اتفاق ما لرو یا ما نه لرو دا ددې ممبرانو استحقاق مجروحه کول چې دی، زه په ډیره بخښنه سره دا خبره کوم چې حکومت دې

د فراخدلۍ نه کار واخلي، حکومت د لوئے زړه نه کار تاسو واخلي مونږ دا خبره کوؤ چې اوس خو اوشو تاسو خو ماله په هغه وخت کښې موقع راکړه چې وائي چې "واده اوشي نو نکريزې په ديوال ټپې"هغه کار خو تاسو اوکړو، مونږ تاسو نه دا توقع ده چې دا کرسئ چې ده دا خو دCustodian of the Houseده، د سپيکر صاحب د حکومت نه سيوا تلوار ده نو بيا سپيکر صاحب خفه کيږی، وائي تاسو مونږ ته خبرې کوئی، مونږ ستاسو نه دا توقع ده چې تاسو د دې ټول هاؤس کسټوډين نئی ،حکومت ته دومره تلوار نه وه او سپيکر صاحب ته ډيره زياته تلوار وه، نو تاسو مهربانی دا کوئ چې مونږه او حکومت يو بل ته پريږدوئی چې خپل دليلونه ورکوؤ يو بل سره حساب کتاب کوؤ انشاءالله تاسو زمونږ د ټولو سپيکر ئی۔

جناب سپیکر: عنایت خان، عنایت خان، پلیز! عنایت خان، میں تھوڑا وضاحت کرتا ہوں کہ کتنا ٹائم دیا، تقریباً تمام پراسیس مکمل ہوا اور میں Appreciate کرونگا بابک صاحب کو، اگر آپ کوئی ایسی امنڈمنٹ لیکر آئیں فلور پہ ،جو اس کا پروسیجر ہے، جی عنایت خان، پلیز۔

جناب عنایت اللہ {سینئیر وزیر (بلدیات)}: میں نے جو بات ابتداء میں کی آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں اس قانون کا جو Gist ہے اور Crux ہے، اس کا Spirit ہے، وہ بتادوں، وہ میں نے سامنے رکھ دی، اس کے بعد پھر بابک صاحب نے دو تین مرتبہ بات کی اور میں نے بیٹنی صاحب کی طرف اشارہ کیا۔ جناب سپیکر صاحب! دیکھیں اس ہاؤس کے اندر ایک پروسیجر ہے اور ہاؤس نے اپنے قواعد وضوابط پاس کئے ہوئے ہیں اور یہاں کا جو بزنس چلتا ہے ،وہ انہی قواعد وضوابط کے مطابق چلتا ہے اور اس اسمبلی کے اندر اگر کوئی Legislative piece آتا ہے تو انہیں قواعد وضوابط کے مطابق اس پہ ڈیبیٹ ہوتی ہے اور طریقہ یہ ہوتا ہے کہ بل Introduce ہوتا ہے Introduction stage پہ کوئی ڈسکشن نہیں ہوتی ہے اور Consideration stage پہ پھر تین دن دیئے جاتے ہیں، بل کے لئے ممبران کو اور اگر کوئی ممبر اس میں Interested ہوتا ہے تو وہ اس کے اوپر امنڈمنٹ لاتا ہے، یہ ایک پروسیجر ،ایک طریقہ یہ ہے ،اگر ممبران سمجھتے ہیں کہ یہ امنڈمنٹس قانون نہیں چل سکتا ہے اور اس پہ Further threadbare discussion کی ضرورت ہوتی ہے تو اس کے لئے ممبران پھر اس کو Recommend کرتے ہیں اور

ہاؤس اس کو سیلکٹ کمیٹی کے سامنے ریفر کرتا ہے، میرے خیال میں Introduction stage کے بعد اس بل کو سلیکٹ کمیٹی کے سامنے ریفر کیا گیا اور سلیکٹ کمیٹی میں پارلیمانی پارٹیز کے تمام نمائندے موجود تھے اور جو اپوزیشن ممبران کی امنڈ منٹس تھیں، ان کو Accommodate کیا گیا اس کے اندر، پھر اس اسمبلی کی Tradition یہ ہے کہ جب سلیکٹ کمیٹی سے کوئی بل پاس ہو کہ Unanimously آتا ہے تو اس کو یہاں سے پاس کیا جاتا ہے اور پھر اگر اس کے بعد بھی ممبران سمجھتے ہیں کہ اس بل کے اندر سقم موجود ہے تو وہ ان کے پاس وقت ہوتا ہے، وہ امنڈ منٹس لاتے ہیں، یعنی ایسا نہیں ہوتا ہے کہ وہ اٹھ کے بات کرتے ہیں کہ اس قانون کے بارے میں میرا یہ خیال ہے وہ خیال ہے۔ طریقہ یہ ہوتا ہے کہ اس کے اندر امنڈ منٹس لاتے ہیں، And that is the procedure اور اس پروسیجر کے مطابق میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے ایک ٹھیک پروسیجر اس لاء کے اند چلایا ہے۔ ایک بات بابک صاحب نے ابتداء میں کی، میں اس پر بھی تھوڑا Respond کرنا چاہونگا، انہوں نے شرعی حیثیت سے تجسس کے متعلق بات کی کہ یہ ایک لحاظ سے تجسس ہے اور سورۃ الحجرات کے اندر جو تجسس کی بات کی گئی ہے کہ کسی کو یہ Right نہیں ہے کہ وہ جاکے لوگوں کے ذاتی معاملات کی تجسس کرے تو یہ نکتہ بھی میں نے اٹھالیا تھا، یہ نکتہ میں نے سلیکٹ کمیٹی کے اندر اٹھایا تھا اور میں نے کہا کہ آپ کسی کی ذاتی باتوں کے اوپر کھوج نہیں لگا سکتے ہیں اور پھر ہم اس نتیجے پہ پہنچے ڈیبیٹ کے بعد، ڈسکشن کے بعد ہم اس نتیجے پہ پہنچے کہ اگر کہیں چوری ہو رہی ہے اور چوری بھی ایسی ہو رہی ہے کہ ریاست کی املاک جو ہیں وہ چوری ہو رہی ہیں تو یہ وہ جو سورۃ الحجرات کے اندر حکم ہے کہ آپ لوگوں کے ذاتی معاملات کی تجسس نہ کریں تو پھر یہ ذاتی معاملہ نہیں رہا یہ سٹیٹ کا معاملہ رہا تو اس لئے اس ڈیبیٹ کے بعد میرا اس پہ شرح صدر ہوا، کہ اگر سٹیٹ کی املاک کو نقصان پہنچ رہا ہے، وہ چوری ہو رہا ہے، وہ نقصان اس کا ہو رہا ہے اور اس کے اوپر کوئی رپورٹ کرے تو یہ نکتہ میں نے خود ویسے اٹھایا تھا، یعنی بابک صاحب کی انفارمیشن کے لئے کہ یہ نکتہ میں نے خود اٹھایا تھا اور ڈیبیٹ کے نتیجے میں یہ بات سامنے آئی کہ یہ تو جب سرکاری املاک ہے، سرکاری پراپرٹیز ہیں، سرکاری دولت ہے، وہ اگر ضائع ہو رہی ہے اور اس کو کوئی رپورٹ کرے تو اس میں اس کو حصہ ملے گا۔ تو یہ اس پوری صورتحال کی Explanation ہے، میں Conclude کرتا ہوں جو چیف منسٹر صاحب نے بات کی ہے، وہ یہ ہے کہ یہ اسمبلی ہے اور اس کے اندر

لاز پاس ہوتے ہیں اور ان لاز کے اندر پھر ممبران امنڈ منٹس لا سکتے ہیں یہ لاء اب پاس ہو گیا ہے، میں سمجھتا ہوں کسی کو بھی نہیں روکا گیا ہے، وہ دس پندرہ دنوں بعد پھر ایک اور امنڈ منٹ لا سکتے ہیں اس کے اندر اور میرا خیال ہے کہ وہ امنڈ منٹ اگر اپوزیشن لے آئی اور وہ معقول ہو اور اس پہ ڈیبیٹ ہو تو اس کو Accept کیا جا سکتا ہے، تو اس لئے اب بھی اس اسمبلی کے اندر اس لاء کے اندر امنڈ منٹ لانے کی گنجائش موجود ہے۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان خان بے چین ہے، میں ایک بات کرتا ہوں جی، پلیز آپ بیٹھ جائیں، شاہ فرمان خان ،ایک منٹ،جی جی چیف منسٹر صاحب اٹھ گئے تو جی جی۔

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب اٹھ گئے تو،جی جی۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): سپیکر صاحب ! میں صرف ایک بات کی وضاحت چاہتا ہوں جو بابک صاحب نے کہی ہے کہ یہ ادارے ہم کیوں بنارہے ہیں؟ یہ ادارہ کوئی Separate ادارہ نہیں ہے، یہ اگر کوئی چیز دکھائے گا یا بتائے گا تو وہ یا اینٹی کرپشن میں جائے گا کیس یا احتساب میں جائے گا، تو یہ ان کی سپورٹ کے لئے بن رہا ہے کہ وہ یہ ادھر سے بھی سپورٹ آئیگی، عام پبلک سے بھی آئیگی، جنرل کوئی اور بھی اس کے خلاف کوئی دے سکتا ہے تو یہ خود کوئی انکوائری یا کچھ نہیں کرے گا، یہ ادھر ہی جائیگی ان اداروں کو تو انہی اداروں کی سپورٹ کے لئے یہ ادارہ بنا ہے۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان خان ! ایک منٹ مجھے،ایک منٹ بہت اہم بل جو پرائیویٹ طور پر ہم نے پرائیویٹ لونز کے حوالے سے جو ہم نے بل پرائیویٹ طور پر لایا ہے۔جی شاہ فرمان صاحب، چلو۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ اینڈ انجینئرنگ): میرا صرف،جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اچھا یہ، میرے پاس۔۔۔کا تو ایک ہے آپ، کرو۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں صرف دو۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں صرف دو پوائنٹ Explain کرنا چاہتا ہوں ،ایک یہ کہ ہمیشہ جتنے بھی ادارے بنے ہیں، بابک صاحب نے جن کا ذکر کیا ہے۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بابک صاحب کو چھوڑو، آپ خود اپنی بات کرو۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ ان اداروں، ان اداروں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ادھر آپ بات کریں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ان اداروں کو جناب سپیکر! Politicize کے باعث ہونے کا تو یہ واحد قانون ہے جس میں عوام کو ڈائریکٹ اختیار ہے کہ Participate کریں ایک۔ دوسری بات، دوسرا پوائنٹ میرا یہ ہے کہ بابک صاحب نے پورے بل کے اوپر اعتراض کیا، یا تو بندہ امنڈ منٹ لیکر آئے، بات کرے نا، ایک پورے بل کے اوپر آپ Objection کریں کہ یہ نہ آئے تو یہ ذرا زیادتی ہے، بل کے اندر امنڈ منٹ لا کر بات کی جاسکتی ہے، پورے بل کے اوپر، بل کے Concept کے اوپر، بل کے اوپر۔

جناب سپیکر: شکریہ شکریہ، شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اس وقت ہم ایک پرائیویٹ لونز کے حوالے سے جو سود کے حوالے سے ہم نے ایک بل ٹیبل کیا تھا جو تاریخ کا ایک حصہ بنے گا اور میں اس موقع پر آئی جی صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ جیسے بل پاس ہو اور اس کے حوالے سے پورا جو اس کے پاس پاور ز ہیں اس کو استعمال کریں اور اس پر پورا عمل درآمد ہو۔ میں مسٹر فخر اعظم وزیر، مسٹر محمود جان ایم پی اے، مسٹر سلطان محمد خان ایم پی اے اور مسٹر عزیز الملک افکاری، پلیز ون بائی ون، اگر آپ اکٹھے بھی کر سکتے ہیں، ون بائی ون، جی۔

جناب فخر اعظم وزیر: شکریه سپیکر صاحب! خو دا يو امنډمنټ ما پکښې راوستے دے ، هغه امنډمنټ پکښې۔

جناب سپیکر: ته وړومبے خو دا دغه اووايه ، امنډمنټ وروستو دے ، وړومبے چې کوم دے هغه خو وړومبے راوله کنه۔

